جناب ہردیپ سنگھ پوری طرح سے بی جے پی میں شامل

نئی دہلی:ہندوستان کے مختلف عہدوں پر رہ کر ملک کی خدمت کرنے والے ہردیپ سنگھ آج پوری طرح سے بی جے پی میں شامل ہوگئے۔مسٹر پوری 1974 میں انڈین فارن سروس میں شامل ہوئے تھے۔اپنے 39 سال کے شاندار کیریئر کے دوران وہ وزارت خارجہ اور وزارت دفاع میں مختلف عہدوں پر رہے۔لندن اور برازیلیا میں انھوں نے سفیر کی حیثیت سے ذمہ داری نبھائی۔وہ جینیوا اور نیو یارک میں وہ اقوام متحدہ میں بھارت کے مستقل نمائندے رہے۔

2011 اور 2012 کے دوران مستقل نمائندے کی حیثیت سے انھوں نے سلامتی کونسل میں ہندوستانی وفد کی قیادت کی۔انھوں نے اس کی انسداد دہشت گردی کمیٹی کی بھی صدارت کی۔بی جے پی میں ان کا خیر مقدم کرتے ہوئے پارٹی صدر راج ناتھ سنگھ نے کہا کہ خارجہ،دفاع اور تجارتی پالیسیوں کے شعبے میں ان کے تجربہ سے بی جے پی فیض حاصل کرے گی۔

مسٹر پوری نے کہا کہ پارٹی میں رسمی طور پر شامل ہونے پر انھیں بے حد خوشی ہوئی ہے کیونکہ پارٹی کی قومیت کو مضبوط کرنےکے وہ کافی وقت سے منتظر رہے ہیں۔وہ پارٹی کا کام کرنے کے لیے تیار ہیں۔پارٹی صدر اور دیگر سینئر قیادت کو جس طریقے سے بھی ان کی ضرورت پڑے گی وہ ہمیشہ تیار رہیں گے۔